SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۲۰۱۵

SINDH ORDINANCE NO.I OF 2015

سندھ عارضی رہائشیوں کی معلومات آرڈیننس، ۲۰۱۵

THE SINDH INFORMATION OF TEMPORARY RESIDENTS ORDINANCE, 2015

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات

Short title, extent and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ پولیس کی معلومات

Information to police

۴۔ طلباء اور عملے کے علاوہ مہمان

Guests other than students and staff

۵۔ کرائے داروں اور مہمانوں کی پہچان

Identification of tenants and guests

۶۔ معلومات کا استعمال

Use of information

۷۔ جانچ پڑتال اور انٹرویوز

Inspection and interviews

۸۔ فائر آرمز اور دھماکید ارمادہ

Firearms and explosives

۹۔ ٹائم لائنز کی تبدیلی

Change of timelines

۱۰۔ پولیس سے تعاون

Assistance to police

۱۱۔ جرمانہ

Penalties

۱۲۔ ازالہ اور سمری ٹرائل

Cognizance and summary trial

۱۳۔ دیگر قوانین سے اضافہ

In addition to other laws

۱۴۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۱۵۔ اوور رائیڈنگ افیکٹ

Over riding effect

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۲۰۱۵

SINDH ORDINANCE NO.I OF 2015

سندھ عارضی رہائشیوں کی معلومات آرڈیننس، ۲۰۱۵

THE SINDH INFORMATION OF TEMPORARY RESIDENTS ORDINANCE, 2015

[۱۶مارچ،۲۰۱۵]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس، جس کے ذریعے سندھ صوبے میں کرائے داروں اور عارضی رہائشیوں کے علاوہ معلومات شیئر کرنے کو یقینی بنایا جائیگا۔

جیسا کہ کرائے داروں اور عارضی رہائشیوں کے علاوہ معلومات حاصل کرنا ضروری ہو گیا ہے؛ کہ جیسے دہشتگردی اور دیگر جرائم کا موثر طریقے سے سامنا کرنے کے لیئے ایسے افراد کا ڈیٹا بیس بن سکے، جس سے ایسی معلومات مخصوص جرائم کی جانچ اور پروسیکیوشن کے لیئے استعمال کیا جا سکے؛ اور اس سے منسلک معاملات سے سامنا کیا جا سکے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کے استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات

Short title, extent

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو سندھ عارضی رہائشوں کی معلومات آرڈیننس، ۲۰۱۵ کہا جائیگا۔

and commencement

(۲)اس کی تمام صوبے سندھ تک توسیع کی جائیگی۔
(۳)یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف
Definitions

۲۔اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضامین اور مفہوم کے متضاد نہ ہو،تب تک؛
(a) "کوڈ" سے مراد کوڈ آف کرمنل پروسیجر،1898 (1898کاV)؛
(b) "حکومت" سے مراد سندھ حکومت؛
(c) "مہمان" سے مراد وہ شخص جس کے قبضے میں یا رہائش کے تحت یا ہوٹل یا ہاسٹل پر رہنا یا رہائش ہو،سوائے ہوٹل یا ہاسٹل کے ملازم؛
(d)"ہاسٹل" سے مراد ایک احاطہ جہاں رہائش کرائے پر یا کسی دوسرے معاوضے کے عیوض دی گئی ہو لیکن اس میں شامل نہیں ہے،کرائے پر دیئے گئے احاطہ یا ہوٹل یا ہاسٹل جو مکمل طور پر کسی تنظیم یا ادارے کی جانب سے سنبھالے گئے یا ضابطے کے تحت ہو اور جو مکمل طور پر انرول شدہ طلباء یا ایسی تنظیم یا ادارے کے عملے کی رہائش کے لیئے استعمال ہو رہی ہو؛
(e) "ہوٹل" سے مراد احاطہ یا رہائش یا رہنے یا معاوضے کے عیوض مہمانوں کو رہنے کے لیئے دیا گیا ہو یا دوسری صورت میں اور جس میں شامل ہے مہمان خانہ، ریزورٹ، تفریح گاہ،ہوٹل،کرائے پر اس میں شامل نہیں ہے،کرائے پر دیئے گئے احاطہ یا ہاسٹل؛
(f) "مکان مالک" سے مراد رہائش کے لیئے دیا گیا احاطہ جو مالک یا کمرشل مقصد یا جو عارضی رہائش کے مقصد کے لیئے استعمال ہو اور جس میں شامل ہے لیسر یا وہ شخص جو کرایہ ، لیز رقم، چارجز یا دوسرا کوئی معاوضہ حاصل کرنے کے لیئے بااختیار بنایا گیا ہو؛
(g) "مینجر" سے مراد وہ شخص جو مالک یا مالک مکان کی جانب سے ہوٹل یا ہاسٹل

کی دیکھ بھال کے لیئے ملازمت پر رکھا گیا ہو یا با اختیار بنایا گیا ہو؛

(h) "پولیس" سے مراد سندھ میں رائج پولیس ایکٹ کے تحت بنائی گئی پولیس؛

(i) "پراپرٹی ڈیلر" سے مراد پراپرٹی ڈیلر جو کرائے پر دیئے گئے احاطے یا معاوضے کے لیئے ہاسٹلز میں ڈیل کرتا ہو؛

(j) "بیان کردہ" سے مراد قواعد کے مطابق بیان کردہ؛

(k) "کرائے پر دیئے گئے احاطے" سے مراد عمارت یا عمارت کا حصہ جو رہائش یا کمرشل مقصد کے لیئے دیئے گئے ہو یا جو عارضی طور رہائش کے مقصد کے لیئے استعمال ہو رہا ہو لیکن جس میں شامل نہیں ہے ہوٹل یا ہاسٹل؛

(l) "قواعد" سے مراد اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد؛ اور

(m) "کرائے دار" سے مراد کرائے پر دیئے گئے تمام احاطوں کے رہائشی اور جس میں شامل ہے لیزی یا سب ٹیننٹ؛

پولیس کی معلومات
Information to police

۳۔(۱) ذیلی دفعہ (۳) کے مطابق پراپرٹی ڈیلر، مالک مکان یا کرائے دار، کرائے پر دیئے گئے احاطے کا قبضہ کرائے دار کے حوالے کرنے کے اڑتالیس گھنٹوں کے اندر بیان کردہ طریقے کے مطابق کرائے دار کی معلومات پولیس کو فوراً بنیاد پر فراہم کریگا۔

(۲) مالک یا مینجر، مہمان آنے یا داخل ہونے کے تین گھنٹے کے اندر بیان کردہ طریقے کے مطابق فوراً مواصلاتی راستے پولیس کو فراہم کریگا۔

(۳) اگر ذیلی دفعہ (1) یا ذیلی دفعہ (۲) میں مندرجہ اشخاص میں سے کوئی ایک مطلوبہ معلومات فراہم کرتا ہے، کہ دیگر ذمے دار لوگ پولیس کو معلومات فراہم کرنے کے ذمے دار نہیں ہونگے۔

طلباء اور عملے کے علاوہ مہمان
Guests other than

۴۔(1) کوئی شخص جو طلباء یا کسی تنظیم یا ادارے کا عملہ نہ ہو، تنظیم یا ادارے کی مکمل دیکھ بھال کے تحت یا ضابطے کے تحت ہاسٹل میں مینجر پیشگی تحریری اجازت

کے علاوہ نہیں رہے گا۔	students and staff
(۲)مینجر جیسے ہی ذیلی دفعہ (1)میں مندرجہ افراد کے رہنے کے متعلق معلومات حاصل کرتا ہے اس کے تین گھنٹے کے اندر جدید مواصلاتی ذریعے مندرجہ طریقے کے مطابق اس شخص کے تفصیل پولیس کو فراہم کریگا۔	
۵۔(1) مالک مکان، مینجر یا پراپرٹی ڈیلر کسی کرائے دار یا مہمان کو کرائے پر دیئے گئے احاطہ، ہاسٹل یا ہوٹل میں رہنے کی تب تک اجازت نہیں دینگے جب تک کرائے دار یا مہمان کے کمپیوٹرائیزڈ شناختی کارڈ یا ایسے کرائے یا مہمان کے پاسپورٹ کے ذریعے شناخت پر مطمئن نہیں ہورہے ہو۔	کرائے داروں اور مہمانوں کی پہچان Identification of tenants and guests
(۲) مالک مکان، مینجر یا پراپرٹی ڈیلر کرائے دار یا مہمان کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کے نقل حاصل کرینگے اور جتنا جلدی ہو سکے ایسی نقل پولیس کو فراہم کرینگے۔	
۶۔(1)پولیس تمام کرائے داروں اور مہمانوں کے بیان کردہ طریقے کے مطابق درجابندی کے ذریعے ڈیٹابیس بنائیگی۔	معلومات کا استعمال Use of information
(۲)پولیس جرائم سے بچاؤ، پتہ لگانا اور جانچ پڑتال کے لیئے ڈیٹا کو استعمال کریگی۔	
(۳)اس آرڈیننس کے ذریعے حاصل کردہ معلومات دہشتگردی کے واقعات سے بچاؤ، پتہ لگانا، جانچ پڑتال اور پروسیکیوشن اور پاکستان پینل کوڈ، 1860 (1860 کے XLV) کے تحت جرائم کے علاوہ دوسرے کسی مقصد کے لیئے استعمال نہیں کی جائیگی۔	
۷۔(1) پولیس عملدار جو سب انسپکٹر کے عہدے سے کم نہ ہو، ایک موزوں نوٹس کے تحت اور اس آرڈیننس کے مقاصد کے لیئے؛	جانچ پڑتال اور انٹرویوز Inspection and interviews
(a)کرائے پر دیئے گئے احاطہ، ہاسٹل یا ہوٹل کے مالک کی جانچ پڑتال کریگا؛ اور	
(b)منسلک دستاویزات اور اشخاص بشمول مالک مکان، کرائے دار، مینجر، مہمان یا	

پراپرٹی ڈیلر کے ذریعے ضروری معلومات حاصل کریگا؛

(۲) پولیس اس ہی ہی جگہ جانچ پڑتال اور مقامی تصدیق کے ذریعے اس آرڈیننس پر عملدرآمد کو یقینی بنائیگی۔

فائر آرمز اور دھماکیدار مادہ
Firearms and explosives

۸۔(1) مالک مکان، مینجر اور پراپرٹی ڈیلر یہ یقینی بنائینگے کہ مہمان کوئی اسلحہ یا کوئی دھماکیدار مادہ سوائے لائسنس والے اسلحہ کہ تو نہیں لے کے آرہا یا قبضے میں لارہا ہے۔

(۲) مالک یا ہاسٹل یا ہوٹل کا مینجر کسی مہمان کے جانب سے کوئی لائسنس والا اسلحہ لانے کا اندراج کریگا اور ایسی معلومات پولیس کو بیان کردہ طریقے کے مطابق فراہم کریگا۔

ٹائم لائنز کی تبدیلی
Change of timelines

۹۔ حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے افراد کے کسی قسم، کرائے پر دیئے گئے احاطے، ہاسٹلز یا ہوٹلز کے لیئے اس آرڈیننس کے تحت پولیس کو معلومات فراہم کرنے کے لیئے مہیا کردہ ٹائم لائنز کو بڑھا سکتی ہے۔

پولیس سے تعاون
Assistance to police

۱۰۔ پولیس عملدار جو پولیس کے ڈپٹی سپرینٹنڈنٹ کے عہدے سے کم نہ ہو، مالک کی معلومات یا احاطے یا ہاسٹل کے عنوان کے متعلق معلومات کسی منسلک دفتر، باڈی یا اتھارٹی سے طلب کر سکتا ہے، جو حقوق، ٹرانسفر، ڈیڈز یا دوسرے عنوان والے دستاویزات کا رکارڈر کھتی ہو۔

جرمانہ
Penalties

۱۱۔ اگر کوئی شخص جان بوجھ دفعہ ۳، ۴، ۵ اور ۸ کی گنجائش کی خلاف ورزی کرتا ہے یا احاطے تک پہنچنے کی اجازت دینے میں ناکام ہوتا ہے یا دفعہ ۷ یا دفعہ ۱۰ کے تحت پولیس کی معلومات کو فراہم کرتا ہے وہ قید کی سزا کے قابل ہو گا، جو چھ ماہ تک بڑھ سکتی ہے اور جرمانہ جو دس ہزار روپے سے کم نہ ہو یا پینتالیس ہزار روپے سے زائد نہ ہو۔

ازالہ اور سمری ٹرائل
Cognizance and summary trial

۱۲۔(1)اس آرڈیننس کے تحت کوئی جرم ازالے کے قابل اور ضمانت نہ ہونے کے قابل ہو۔
(۲) جڈیشل میجسٹریٹ اس آرڈیننس کے تحت جرم کی سمری ٹرائلز سے منسلک کوڈ کے باب XXII کی گنجائشوں کے مطابق شنوائی کریگی۔

دیگر قوانین سے اضافہ
In addition to other laws

۱۳۔ اس آرڈیننس کی گنجائشیں اضافی ہو گی اور کسی دوسرے قوانین سے تضاد میں نہیں ہو گی۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۱۴۔ حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اس آرڈیننس کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

اوور رائیڈنگ افیکٹ
Over riding effect

۱۵۔اس آرڈیننس کی گنجائشیں کو اوور رائیڈنگ افیکٹ حاصل ہو گا، جب تک کچھ وقتی طور لاگو کسی دوسرے قوانین کے متضاد نہ ہو۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔